© rasailojaraid.com



اگر وہ بے مہری کا سلوک رکھتے ہیں اور نہ خاوند کوشش کرتا ہے نہ بیوی تو اُن میں سے کون گنہگار ہوگا۔

(۲) عورت کے ذمہ شوہر کے حقوق کیا کیا ہیں۔

(۳) شوہر کے ذمہ بیوی کے حقوق کیا کیا ہیں۔

(۴) بیوی اگر طلاق حاصل کرنے کے لئے لڑائی جھگڑا کا رویہ رکھتی ہے حالانکہ مرد حقوق زوجیت ادا کرتا ہے اور مرد طلاق نہیں دیتا تو اُن میں سے قصوروار کسے ٹھہرایا جائے گا؟

(۵) شوہر اگر اپنی اہلیہ سے کسی ایسے فعل کا تقاضا کرے جو شرعاً ممنوع نہیں اور بیوی نہ مانے تو اُس عورت کی نسبت شریعت کا کیا حکم ہے؟

(۶) اگر شوہر کہے کہ اولاد سے زیادہ لاڈ پیار نہ کرو کہ زیادہ لاڈ پیار سے اولاد خراب ہو جاتی ہے اور بیوی اُولاد سے بے پناہ محبت کا عذر پیش کرے تو یہ عذر شرعاً جائز ہے یا نہیں۔

(۷) اگر شوہر بیوی سے کسی ایسے فعل کا تقاضا کرے جو شرعاً ممنوع ہو تو بیوی شریعت پر چلے یا شوہر کی تابعداری کرے؟

(۸) بیوی شوہر کی اجازت کے بغیر اس کے گھر سے باہر جا سکتی ہے یا نہیں؟۔

(۹) کوئی شوہر اپنی بیوی کو نامحرم سے ملاقات سے منع کر سکتا ہے یا نہیں؟ اور اگر وہ اسے کسی اجنبی جگہ جانے سے منع کرے تو کیا حکم ہے؟

(۱۰) نابالغ اور شیر خوار بچوں کی حضانت کا شرعی حکم کیا ہے؟ وہ کس کے پاس رہیں گے اور کب تک؟

(۱۱) اگر ایک باپ اپنے بچوں کا نان نفقہ دیتا ہے لیکن ان سے محبت نہیں کرتا تو ایسے باپ پر شرعاً کوئی گناہ لازم آتا ہے یا نہیں؟

(۱۲) اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ایک بیوی کی اولاد سے محبت کرتا ہے اور دوسری کی اولاد سے محبت نہیں کرتا تو اس سے وہ کسی جرم شرعی کا مرتکب ہوتا ہے یا نہیں؟

(۱۳) اگر کوئی خاتون اپنے شوہر سے تقاضا کرے کہ میری اولاد سے محبت کرو اور سابقہ بیوی سے محبت نہ کرو ورنہ مجھے طلاق دے دو تو اس میں شرعی کیا حکم ہے؟۔

(۱۴) اگر شوہر اپنی بیوی کو قربت کے لئے طلب کرے اور بیوی کہے کہ اس وقت اگر میں آ وں تو نماز



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قضا ہو جائے گی تو ایسی صورت میں اس کا انکار درست ہے یا نہیں؟۔

(۱۵) اگر شوہر نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی اور بعد میں معلوم ہوا کہ وہ تو حاملہ تھی تو اب اس طلاق کا کیا حکم ہے؟۔

(۱۶) حاملہ کو اگر طلاق دی جائے تو جائز ہو گی یا یہ طلاق لغو ہو گی؟۔

(۱۷) کوئی شوہر اپنی بیوی کو تادیباً مار سکتا ہے یا نہیں؟۔

(۱۸) کوئی ایسا فعل بھی ہے کہ جس کے کرنے سے بیوی شوہر کے نکاح سے نکل جاتی ہے۔

(۱۹) وراثت میں حصہ صرف اسی اولاد کا ہے جو منکوحہ سے ہے یا زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والی اولاد بھی وارث بنے گی؟

(۲۰) بیوی اگر میاں میں کسی نقص شرعی کی وجہ سے نہیں بلکہ محض اپنی نفس پرستی و سرکشی کی بناء پر طلاق مانگے اور شوہر کو ایک غیر شرعی امر پر مجبور کرے تو کیا حکم ہے۔؟

## الجواب:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و بہ نستعین

آپ کے پہلے سوال کا جواب بالترتیب حسب ذیل ہے۔اور دیگر سوالات کے جوابات بھی شریعت مطہرہ کی روشنی میں پیش کیے جاتے ہیں۔

اُن کو باہمی مروت و مودت کے اظہار کے ذریعہ اور دیگر وسائل اختیار کرتے ہوئے محبت پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔وظائف و عملیات سے محبت پیدا کرنے کی کوشش کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں بشرطیکہ عملیات شریعت کے منافی نہ ہوں۔

محبت کا معاملہ جانبین سے مطلوب ہے۔ اس معاملہ میں ہر ایک کیلئے یکساں حکم ہے؟۔

دونوں گنہگار ہوں گے۔

(۲) بیوی کو چاہئے کہ شوہر کی خدمت کرے اور میاں جب بلائے تو انکار نہ کرے۔

(۳) شوہر پر بیوی کے حقوق میں سے یہ ہے کہ اسے خرچ اور لباس دے، رہائش کے لئے الگ کمرہ دے اور اچھے سلوک سے برتاؤ کرے نیز بیوی کے فطری حق کا خیال رکھے۔

(۴) اس صورت میں بیوی گناہ گار ہوگی اور شوہر پر کوئی گناہ نہیں تاہم طلاق کا مرد کو اختیار ہے۔



© rasailojaraid.com